N.W.F.P. Textbook Board
Library
No. 1078 C/3
Date
Peshawar

ریاضی

تیسری جماعت کے لیے



این۔ ڈبلیو۔ ایف۔ پی ٹیکسٹ بک بورڈ، پشاور

3

ریاضی

برائے جماعت سوم

Curriculum Development & Text Book Production Wing
063
LIBRARY
H-9, Islamabad

این-ڈبلیو-ایف-پی ٹیکسٹ بک بورڈ پشاور

جُملہ حقوق بحق این ۔ ڈبلیو ۔ ایف ۔ پی ٹیکسٹ بک بورڈ ، پشاور محفوظ ہیں ۔ تیار کردہ این ۔ ڈبلیو ۔ ایف ۔ پی ٹیکسٹ بک بورڈ ، پشاور و منظور کردہ وزارت تعلیم (شعبہ نصاب) حکومت پاکستان ، اسلام آباد ، بطور واحد نصابی کتاب برائے جُملہ مدارس صوبہ سرحد و قبائلی علاقہ جات ، بمطابق مراسلہ نمبر F. 3—4/83 MATHS مورخہ 21 اکتوبر 1985 نیشنل ریویو کمیٹی وفاقی وزارت تعلیم حکومت پاکستان کی نظرثانی شدہ ۔

مُصنّفین

پروفیسر خالد نعیم	شعبہ ریاضی ، پشاور یونیورسٹی
عبدالرؤف جمیل	اسلامیہ کالجیٹ سکول ، پشاور یونیورسٹی
محمد امیر آفریدی	گورنمنٹ ایلیمنٹری کالج (مردانہ) کوہاٹ
محمد یوسف	گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 4 ، پشاور شہر

مدیر

پروفیسر خالد نعیم

خطاطی : سرفراز احمد

مطبع : نظامی پریس لاہور

فہرست

باب نمبر	عنوان	صفحہ
1	لاکھ تک اعداد	1
2	جمع اور تفریق	12
3	ضرب	22
4	تقسیم	33
5	کسور عام	41
6	چند بُنیادی اِکائیاں اور پیمانے	51
7	جیومیٹری	66
8	وقت معلوم کرنا	71
9	جوابات	77

باب 1

لاکھ تک اعداد

چار ہندسی اور پانچ ہندسی اعداد

پچھلی جماعت میں ہم پڑھ چکے ہیں کہ سب سے چھوٹا چار ہندسی عدد ایک ہزار ہے، جسے علامتی طور پر یوں لکھا جاتا ہے۔

ہزار	سینکڑا	دہائی	اکائی
1	0	0	0

ایک ہزار کی علامت میں اکائی، دہائی اور سینکڑے کے مقام پر صفر اور ہزار کے مقام پر 1 ہوتا ہے۔

ایک ہزار ایک کی علامت میں اکائی کے مقام پر کون سا ہندسہ ہے؟

ایک ہزار ایک کی علامت میں دہائی کے مقام پر کون سا ہندسہ ہے؟

ایک ہزار ایک کی علامت میں سینکڑے کے مقام پر کون سا ہندسہ ہے؟

ایک ہزار ایک کی علامت میں ہزار کے مقام پر کون سا ہندسہ ہے؟

چونکہ ایک ہزار ایک کی علامت میں اکائی کے مقام پر 1، دہائی اور سینکڑے کے مقام پر 0 اور ہزار کے مقام پر 1 ہے، اس لیے اسے علامتی طور پر اس طرح لکھا جاتا ہے

ہزار	سینکڑا	دہائی	اکائی
1	0	0	1

آئیے کچھ مزید چار ہندسی اعداد کو علامتی طور پر لکھیں ۔

	اکائی	دکائی	سینکڑا	ہزار
ایک ہزار تین سو ستاون	7	5	3	1
دو ہزار چار سو اڑسٹھ	8	6	4	2
تین ہزار پانچ سو اناسی	9	7	5	3
چار ہزار چھ سو اسّی	0	8	6	4
پانچ ہزار سات سو اِکانوے	1	9	7	5
چھ ہزار آٹھ سو دو	2	0	8	6
سات ہزار نو سو تیرہ	3	1	9	7
آٹھ ہزار چوبیس	4	2	0	8
نو ہزار ایک سو پینتیس	5	3	1	9
نو ہزار دو سو چھیالیس	6	4	2	9

چار ہندسی بڑے سے بڑا عدد کون سا ہو گا ؟

چونکہ ہندسوں میں سب سے بڑا ہندسہ **9** ہے، اس لیے ایسا عدد جس میں اکائی، دہائی، سینکڑا اور ہزار کے مقام پر **9** کا ہندسہ ہو، چار ہندسوں کا بڑے سے بڑا عدد ہو گا۔

اسے علامتی طور پر یوں لکھیں گے

ہزار	سینکڑا	دہائی	اکائی
9	9	9	9

9999 سے اگلا عدد کون سا ہو گا ؟

نو ہزار نو سو ننانوے سے اگلا عدد دس ہزار ہو گا۔

چونکہ اعداد کو لکھتے وقت ہزار کے مقام پر زیادہ سے زیادہ **9** کا ہندسہ لکھا جا سکتا ہے، اس لیے دس ہزار کو لکھنے کے لیے ہزار کے مقام کے بائیں جانب ایک اور مقام کا اضافہ کرنا ہو گا۔ اسے دس ہزار یا دَہ ہزار کہتے ہیں۔

علامتی طور پر اِسے اِس طرح لکھیں گے

دَہ ہزار	ہزار	سینکڑا	دہائی	اِکائی
1	0	0	0	0

10 000 کا عدد پانچ ہندسی اعداد میں سب سے چھوٹا عدد ہے، کیونکہ اس عدد میں اکائی، دہائی، سینکڑے اور ہزار کے مقام پر صفر اور صرف دَہ ہزار کے مقام پر **1** کا ہندسہ ہے۔

مندرجہ ذیل پانچ ہندسی اعداد کو لفظوں میں اس طرح لکھیں گے

10 001	دس ہزار ایک
10 010	دس ہزار دس
10 011	دس ہزار گیارہ
10 101	دس ہزار ایک سو ایک
10 110	دس ہزار ایک سو دس
11 101	گیارہ ہزار ایک سو ایک
11 111	گیارہ ہزار ایک سو گیارہ

مندرجہ ذیل پانچ ہندسی اعداد پر غور کریں۔

	اکائی	دہائی	سینکڑا	ہزار	دہ ہزار
اِکیس ہزار دو سو تیرہ	3	5	2	1	2
تینتالیس ہزار اڑسٹھ	8	6	0	3	4
پچاس ہزار نو سو نواسی	9	8	9	0	5
اِکسٹھ ہزار چالیس	0	4	0	1	6
بہتّر ہزار آٹھ سو	0	0	8	2	7
اُناسی ہزار دو سو پانچ	5	0	2	9	7
اسّی ہزار چار سو پچاس	0	5	4	0	8
تِرانوے ہزار آٹھ سو اُنچاس	9	4	8	3	9
اٹھانوے ہزار ایک	1	0	0	8	9
ننانوے ہزار نو سو ننانوے	9	9	9	9	9

پانچ ہندسوں کا بڑے سے بڑا عدد کون سا ہے ؟

پانچ ہندسوں کا بڑے سے بڑا عدد **99 999** ہے ، کیونکہ اس میں اکائی، دہائی ، سینکڑے، ہزار اور دہ ہزار کے مقام پر سب سے بڑا ہندسہ یعنی **9** ہوتا ہے ۔

چونکہ **99 999** پانچ ہندسوں کا بڑے سے بڑا عدد ہے، اِس لیے اِس سے اگلا عدد چھ ہندسوں والا عدد ہو گا ، جس کو لکھنے کے لیے دہ ہزار کے مقام کے بائیں جانب ایک اور مقام کا اِضافہ کرنا ہو گا ۔ چھ ہندسوں والا چھوٹے سے چھوٹا عدد 'دس دہ ہزار' ہے ، جسے ایک لاکھ کہتے ہیں ۔ علامتی طور پر اسے یوں لکھا جاتا ہے ۔

اِکائی	دہائی	سینکڑا	ہزار	دہ ہزار	لاکھ
0	0	0	0	0	1

کچھ مزید چھ ہندسی اعداد پر غور کریں ۔

1 10 001	ایک لاکھ دس ہزار ایک
1 11 111	ایک لاکھ گیارہ ہزار ایک سو گیارہ
2 00 999	دو لاکھ نو سو ننانوے
2 07 020	دو لاکھ سات ہزار بیس
7 80 101	سات لاکھ اسّی ہزار ایک سو ایک
8 88 888	آٹھ لاکھ اٹھاسی ہزار آٹھ سو اٹھاسی

مشق 1

1 : تین ہندسی اعداد میں سے سب سے بڑا عدد لکھیے ۔

2 : چار ہندسی اعداد میں سے سب سے چھوٹا عدد کون سا ہے ؟ لفظوں اور ہندسوں میں لکھیے ۔

3 : چار ہندسی اعداد میں سے سب سے بڑا عدد کون سا ہے ؟ ہندسوں اور لفظوں میں لکھیے ۔

4 : پانچ ہندسی اعداد میں سے سب سے چھوٹے عدد کو لفظوں اور ہندسوں میں لکھیے ۔

5 : پانچ ہندسی اعداد میں سے سب سے بڑا عدد کون سا ہے ؟ علامتی طور پر اسے کیسے لکھیں گے ۔

6 : چھ ہندسی اعداد میں سب سے چھوٹے عدد کو لفظوں اور ہندسوں میں لکھیے ۔

7 : ترتیب وار اعداد لکھ کر خالی جگہوں کو پُر کیجیے ۔

				562	561
				1080	1079
				9998	9997

				15749	15748

				98509	98508

8۔ مندرجہ ذیل اعداد کو ہندسوں میں لکھیے ۔

پانچ سو اِکہتّر

نو سو پچاس

آٹھ ہزار چھ سو آٹھ

تیرہ ہزار باوَن

پچیس ہزار ایک سو ایک

اُنہتّر ہزار پانچ سو اُنتیس

اِکانوے ہزار چھ سو سرسٹھ

اٹھانوے ہزار دو سو نواسی

تین لاکھ باسٹھ

پانچ لاکھ ستاون ہزار ستانوے

سات لاکھ ایک سو اِکاون

نو لاکھ پانچ ہزار تین سو نوّے

آٹھ سو باسٹھ

ایک ہزار دو

نو ہزار اَسّی

اٹھارہ ہزار سات سو اُناسی

اڑتیس ہزار سینتالیس

نواسی ہزار اُنچاس

پچانوے ہزار پچانوے

اِکانوے ہزار نو سو اُنیس

چار لاکھ سات ہزار سترہ

چھ لاکھ ستانوے ہزار آٹھ سو اڑسٹھ

آٹھ لاکھ اُنہتّر ہزار دو سو پچاسی

نو لاکھ آٹھ ہزار اُنتالیس

9۔ مندرجہ ذیل اعداد کو لفظوں میں لکھیے

757	905	1362	1540
7682	9605	8007	9075

13562	15873	25034	27900
36954	38767	40868	79650
85671	90249	91337	92222
99999	109109	237557	333777
421068	549294	671617	781184
891351	905037		

10۔ لفظوں میں دیے گئے مندرجہ ذیل اعداد کو اُن کے سامنے دی گئی جگہوں میں علامتی طور پر لکھیے۔

	اکائی	دہائی	سینکڑا	ہزار	دہ ہزار	لاکھ
سات سو اڑتالیس						
ایک ہزار نو سو سولہ						
سات ہزار آٹھ سو باون						
نو ہزار اڑسٹھ						
گیارہ ہزار دو سو ترپن						
پچیس ہزار ستاسی						
بیس ہزار ایک						
پینتیس ہزار آٹھ سو بیس						
پچاسی ہزار دو سو گیارہ						
بانوے ہزار نو سو بانوے						

	اکائی	دہائی	سینکڑا	ہزار	دہ ہزار	لاکھ
پانچ لاکھ سات ہزار سات						
چھ لاکھ اُنسٹھ ہزار اُنہتّر						
آٹھ لاکھ سترہ ہزار دو سو اِکانوے						

عددی شعاع

نیچے دی ہوئی شکل عددی شعاع کو ظاہر کرتی ہے ۔



جہاں سے عددی شعاع شروع ہوتی ہے ، اُسے اس شعاع کا "سِرا" کہتے ہیں ۔ تیر کا نِشان یہ ظاہر کرتا ہے کہ شعاع اس طرف بڑھ رہی ہے اور یہ کہیں جاکر ختم نہیں ہوتی ۔

اپنی کاپی پر عددی شعاع کھینچیں ۔

اس عددی شعاع کے سِرے کو **0** سے ظاہر کریں ۔ اس کے دائیں جانب اِسی شعاع پر برابر فاصلے پر نِشان لگائیں ۔ ان نشانات کو بالترتیب **1** ، **2** ، **3** ، **4** ، **5** ، ---- وغیرہ سے ظاہر کریں ، جیسا کہ نیچے دی ہوئی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے ۔



اِس شعاع کو "عددی شعاع" کہا جاتا ہے ۔

نیچے دی ہوئی عددی شعاعوں پر اعداد لکھیے ۔



باب 2

جمع اور تفریق

تین اعداد کی جمع

مندرجہ ذیل مثالوں کو غور سے دیکھیں ۔

مثال (1)

$*(4+3)+2$ | $4+(3+2)$

$7+2 =$ | $4+5 =$

$9 =$ | $9 =$

پس ثابت ہُوا کہ $4+(3+2)=(4+3)+2$

مثال (2)

$(6+5)+4$ | $6+(5+4)$

$11+4 =$ | $6+9 =$

$15 =$ | $15 =$

پس ثابت ہوا کہ $6+(5+4) = (6+5)+4$

نوٹ: *( ) کے اندر کے اعداد پہلے جمع کرنے ہیں ۔

مثال ③

$$(7+5)+4 = 12+4 = 16$$

$$7+(5+4) = 7+9 = 16$$

پس ثابت ہوا کہ $7+(5+4)=(7+5)+4$

مثال ④

$$(2+6)+7 = 8+7 = 15$$

$$2+(6+7) = 2+13 = 15$$

پس ثابت ہوا کہ $2+(6+7)=(2+6)+7$

مثال ⑤

$$(0+4)+3 = 4+3 = 7$$

$$0+(4+3) = 0+7 = 7$$

پس ثابت ہوا کہ $0+(4+3)=(0+4)+3$

نتیجہ : تین اعداد کے حاصل جمع میں کوئی فرق نہیں پڑتا، خواہ پہلے دو اعداد کو جمع کر کے حاصل جمع میں تیسرا عدد جمع کریں یا دوسرے اور تیسرے اعداد کو جمع کر کے حاصل جمع میں پہلا عدد جمع کریں۔ اس خاصیّت کو جمع کی خاصیّت تلازم کہتے ہیں۔

مشق 2

	حاصل جمع معلوم کریں ۔	پس ثابت ہوا کہ :
:1	$\square = (7+5)+3$ $\square = 7+(5+3)$	$7+(5+3)=(7+5)+3$
:2	$\square = (6+8)+4$ $\square = 6+(8+4)$	$6+(8+4)=(6+8)+4$
:3	$\square = (7+3)+1$ $\square = 7+(3+1)$	$\text{---}+(3+1)=(7+3)+1$
:4	$\square = (6+4)+2$ $\square = 6+(4+2)$	$6+(\text{---}+2)=(6+4)+2$
:5	$\square = (2+6)+5$ $\square = 2+(6+5)$	$2+(6+\text{---})=(2+6)+5$
:6	$\square = (0+8)+1$ $\square = 0+(8+1)$	$\text{---}+(8+1)=(0+8)+1$
:7	$\square = 9+(8+7)$ $\square = (9+8)+7$	$(9+8)+\text{---}=9+(8+7)$

تین اور چار ہندسی اعداد کی جمع

پہلے ہم جمع کے وہ سوالات حل کریں گے، جن میں حاصل کی ضرورت نہ پڑے۔

مثال ①

345
534 +
879

مثال ②

4213
2132
3343 +
9688

مثال ③

3124
2340
2013
1422 +
8899

مثال ④

341
1214
3122
4010 +
8687

مشق 3

مندرجہ ذیل کو حل کریں۔

1 : 452
334 +

2 : 567
321 +

3 : 317
201
480 +

4 : 2543
3230
4125 +

5 : 3142
2304
3232
1310 +

6 : 2312
2434
1043
4100 +

7 : ایک سکول میں 435 لڑکے اور 363 لڑکیاں ہیں ۔ سکول میں طالب علموں کی کُل تعداد معلوم کریں ۔

8 : ایک مکان کی سفیدی پر پہلے دِن 200 روپے، دوسرے دِن 350 روپے اور تیسرے دِن 400 روپے خرچ ہوئے۔ بتائیں اِن تین دِنوں میں کُل کِتنے روپے خرچ ہوئے ۔

9 : ایک دُکاندار پہلے مہینے میں 4312 روپے، دوسرے مہینے میں 3456 روپے اور تیسرے مہینے میں 2131 روپے کماتا ہے ۔ اُس کے تینوں مہینوں کی کل آمدنی بتائیں ۔

10 : ایک گاؤں میں 4232 مرد ، 3243 عورتیں اور 2414 بچّے ہیں۔ گاؤں کی کُل آبادی بتائیں ۔

جمع (با حاصل)

مثال (1)

$$\begin{array}{r} \overset{1}{8}\overset{1}{4}\overset{1}{5}\overset{}{7} \\ 4785 + \\ \hline 13242 \\ \hline \end{array}$$

تشریح : 7 اِکائیوں میں 5 اکائیاں جمع کیں تو 12 اِکائیاں آئیں ، یعنی 2 اِکائیاں اور 1 دہائی ، 2 کو حاصل جمع کے اکائی والے مقام پر لکھا اور 1 دہائی کو دہائی والے خانے میں اُوپر بطور حاصِل لکھا ۔ اب اس 1 حاصِل کو دیگر 5 اور 8 دہائیوں میں جمع کیا تو حاصِل جمع 14 دہائیاں آئیں ، یعنی 4 دہائیاں اور 1 سینکڑا ، 4 کو

دہائی کے مقام پہ لکھا اور 1 کو بطورِ حاصل اگلے مقام پہ لکھا اس 1 حاصل کو 4 اور 7 سینکڑوں میں جمع کیا تو حاصل جمع 12 سینکڑے آئے، یعنی 2 سینکڑے اور 1 ہزار، 2 کو سینکڑا کے مقام پہ لکھا اور 1 کو بطور حاصل اگلے مقام پہ لکھا ۔ اب 1 ، 8 اور 4 ہزار کو جمع کیا تو 13 ہزار آئے ۔

مثال (2)

①	①	①	
4	5	6	7
3	2	4	8
7	8	7	3 +
15	6	8	8

مثال (3)

②	①	②	
3	4	1	7
2	8	7	6
5	6	0	7
8	4	5	9 +
20	3	5	9

مشق 4

مندرجہ ذیل کو جمع کریں ۔

1 : 7689 + 4578

2 : 6908 + 4532

3 : 7986 + 5767

4 : 6759 + 3476 + 8657

5 : 8657 + 3498 + 7307

6 : 8217 + 9675 + 7897

7 :	7654	8 :	8567	9 :	5792
	6595		3245		4278
	6876		7895		6945
	9706		6774		7856

10: ایک لڑکے نے انگریزی میں 70 نمبر، اُردو میں 86 نمبر، ریاضی میں 95 نمبر اور اسلامیات میں 75 نمبر حاصل کیے۔ بتائیے اُس نے چاروں مضامین میں کُل کتنے نمبر حاصل کیے۔

11: ایک مستری پہلے مہینے میں 4580 روپے، دوسرے مہینے میں 5675 روپے، تیسرے مہینے میں 4785 روپے اور چوتھے مہینے میں 5225 روپے کماتا ہے۔ بتائیے اُس نے چار مہینوں میں کُل کتنے روپے کمائے۔

12: ایک گاؤں میں 7628 مرد، 6789 عورتیں اور 5378 بچے ہیں۔ بتائیے اُس شہر کی کل آبادی کتنی ہے۔

تفریق (بغیر حاصل تفریق)

مثال (1)

7846
6324 —
1522

تشریح: 6 اِکائیوں میں سے 4 اِکائیاں تفریق کیں تو 2 اِکائیاں آئیں۔ 2 کو حاصل جواب کے اکائی کے مقام پر لکھا۔ اِسی طرح 4 دہائیوں، 8 سینکڑوں اور

7 ہزار سے بالترتیب 2 دہائیاں ، 3 سینکڑے اور 6 ہزار تفریق کیا تو حاصل تفریق بالترتیب 2 دہائیاں ، 5 سینکڑے اور 1 ہزار آیا ۔

مثال (2)

7648
5437 –
2211

مثال (3)

9657
8456 –
1201

مشق 5

مندرجہ ذیل کو حل کریں ۔

1 : 437
315 –

2 : 847
345 –

3 : 967
754 –

4 : 748
635 –

5 : 8657
6524 –

6 : 6948
5726 –

7 : 8435
7304 –

8 : 7678
5314 –

9 : 9768
4517 –

10 : اسلم کے والد نے ایک ہفتے میں 975 روپے کمائے اور اِس میں سے 820 روپے خرچ کیے ۔ بتائیں کتنے روپے باقی بچے ۔

11 : ایک گاؤں کی کُل آبادی 7864 ہے ۔ اُس میں سے 5433 مرد اور عورتیں ہیں۔ بچوں کی تعداد بتائیں ۔

12 : علی نے ایک شخص کو 6755 روپے قرض دیے ۔ اُس نے کچھ عرصے کے بعد علی کو 5315 روپے ادا کیے ۔ بتایئے اُس شخص نے اب اور کتنی رقم ادا کرنی ہے ۔

تفریق (باحاصل)

مثال (1)

(8)	(12)	(17)
9	3	7
7	8	9 —
1	4	8

تشریح : 7 اکائیوں میں سے 9 اکائیاں تفریق نہیں کی جا سکتیں ،اس لیے 3 دہائیوں سے 1 دہائی کو 7 اکائیوں میں جمع کیا تو 17 اکائیاں بن گئیں ، جن سے 9 اکائیاں تفریق کیں تو 8 باقی بچیں ۔ اب بچی ہوئی دہائیوں میں سے 8 دہائیاں تفریق نہیں ہو سکتیں ۔ اس لیے 9 سینکڑوں میں سے ایک سینکڑا 2 دہائیوں میں جمع کیا تو 12 دہائیاں بنیں ، جن سے 8 دہائیاں تفریق کیں تو 4 باقی بچیں ۔ آخر میں 8 سینکڑوں میں سے 7 سینکڑے تفریق کیے تو ایک سینکڑا باقی بچا ۔

مثال (2)

(14)	(14)	(7)
4	5	8
8	7	6
6	7	1

مثال (3)

(11)	(12)	(16)	(5)
1	3	7	6
6	7	8	4
5	5	8	1

مشق 6

تفریق کریں ۔

1 : 6413 − 4387

2 : 7563 − 6789

3 : 867 − 479

4 : 965 − 786

5 : 607 − 368

6 : 745 − 598

7 : 6175 − 4264

8 : 8712 − 6543

9 : 9647 − 7968

10 : ایک سکول کے طلباء اور اساتذہ کی کُل تعداد 1634 ہے۔ اگر اُن میں طلباء کی تعداد 1599 ہو تو اساتذہ کی تعداد بتائیں ۔

11 : یوم والدین کے موقع پر شہر کے سکول میں 1638 کرسیوں کا انتظام کیا گیا۔ کتنی کُرسیاں اور لگائیں کہ 2000 آدمیوں کے لیے کافی ہوں ؟

باب 3

ضرب

اعادہ

آپ جانتے ہیں کہ ایک ہی عدد کو چند بار جمع کرنے کے مختصر عمل کو ضرب کہتے ہیں۔ مندرجہ ذیل مثالوں کو دیکھیے۔

مثال ①

$12 = 4 + 4 + 4$

3 بار $4 = 12$

ضرب کی صورت میں اسے یوں لکھتے ہیں

$12 = 4 \times 3$

"×" ضرب کی علامت ہے۔

مثال ②

$20 = 5 + 5 + 5 + 5$

4 بار $5 = 20$

$20 = 5 \times 4$

مثال ③

$30 = 6 + 6 + 6 + 6 + 6$

5 بار $6 = 30$

$30 = 6 \times 5$

مشق 7

حل کریں۔

(1) 5×8 (2) 9×7 (3) 7×4

(4) 5×6 (5) 4×5 (6) 10×9

(7) 9×8 (8) 8×8 (9) 8×6

(10) 10×10 (11) 10×7 (12) 7×8

(13) زبیر نے 6 بچوں کو 10 روپے فی بچہ اِنعام دیا۔ بتائیں اُس نے کُل کتنی رقم اِنعام میں دی۔

(14) اگر ایک کِھلونا 8 روپے میں آئے تو ایسے 4 کِھلونے کِتنے میں آئیں گے؟

(15) اگر چاول کا بھاؤ 9 روپے فی کِلو گرام ہو تو 5 کِلو گرام چاول کِتنے میں آئیں گے؟

ضرب کے پہاڑوں کا چارٹ

	اکین	دُونی	تیے	چوکے	پنجے	چھکّے	ستّے	اٹھّے	نمّے	دہائے
1	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
2	2	4	6	8	10	12	14	16	18	20
3	3	6	9	12	15	18	21	24	27	30
4	4	8	12	16	20	24	28	32	36	40
5	5	10	15	20	25	30	35	40	45	50
6	6	12	18	24	30	36	42	48	54	60
7	7	14	21	28	35	42	49	56	63	70
8	8	16	24	32	40	48	56	64	72	80
9	9	18	27	36	45	54	63	72	81	90
10	10	20	30	40	50	60	70	80	90	100

نوٹ : اساتذہ بچوں کو پہاڑے پڑھنے کا طریقہ بتائیں۔

مشق 8

1: 6 پنسلوں کی قیمت معلوم کریں جبکہ ایک پنسل کی قیمت 2 روپے ہو۔

2: اگر ایک کاپی کی قیمت 2 روپے ہو تو 9 کاپیوں کی قیمت کیا ہو گی؟

3: اگر ایک تختی کی قیمت 5 روپے ہو تو ایسی 3 تختیوں کی قیمت معلوم کریں۔

4: 3 کھلونوں کی قیمت معلوم کریں جبکہ ایک کھلونے کی قیمت 8 روپے ہو۔

5: اگر ایک دوات کی قیمت 4 روپے ہو تو ایسی 8 دواتوں کی قیمت معلوم کریں۔

6: اگر ایک ٹوپی کی قیمت 4 روپے ہو تو ایسی 7 ٹوپیوں کی قیمت کیا ہو گی؟

7: اگر ایک آئینہ پانچ روپے میں آتا ہو تو ایسے 8 آئینے کتنے میں آئیں گے؟

8: اگر صابن کی ایک ٹکیہ 5 روپے میں ملتی ہو تو ایسی 10 ٹکیوں کی قیمت معلوم کریں۔

9: 6 تصویروں کی قیمت معلوم کریں جبکہ ایک تصویر کی قیمت 6 روپے ہو

10: اگر ایک پیالی کی قیمت 6 روپے ہو تو ایسی 5 پیالیوں کی قیمت معلوم کریں۔

11: اگر ایک کلو گرام چاول 7 روپے میں آئیں تو بتائیں 5 کلو گرام چاول کتنے میں آئیں گے۔

12: اگر ایک گُلدان کی قیمت 7 روپے ہو تو ایسے 10 گُلدانوں کی قیمت معلوم کریں ۔

13: اگر ایک ہولڈر کی قیمت 8 روپے ہو تو ایسے 9 ہولڈروں کی قیمت معلوم کریں ۔

14: اگر ایک کتاب 8 روپے میں آتی ہو تو ایسی 8 کتابیں کتنے میں آئیں گی؟

15: اگر ایک گیند کی قیمت 9 روپے ہو تو ایسی 6 گیندوں کی قیمت معلوم کریں ۔

16: اگر ایک بلب کی قیمت 8 روپے ہو تو 9 بلبوں کی قیمت کیا ہو گی ؟

17: اگر ایک چارٹ کی قیمت 10 روپے ہو تو ایسے 4 چارٹوں کی قیمت کیا ہو گی ؟

18: اگر ایک درجن مالٹوں کی قیمت 10 روپے ہو تو 10 درجن مالٹوں کی قیمت کیا ہو گی ؟

19: حل کریں

(i) $2 \times 3 =$ _____ (ii) $7 \times 5 =$ _____

(iii) $6 \times 4 =$ _____ (iv) $3 \times 6 =$ _____

(v) $5 \times 9 =$ _____ (vi) $8 \times 7 =$ _____

(vii) $10 \times 6 =$ _____ (viii) $6 \times 7 =$ _____

(ix) $4 \times 8 =$ _____ (x) $9 \times 4 =$ _____

دو ہندسوں کا ضرب

مثال ①

$6 = 2+2+2$ | $6 = 3+3$

پہاڑوں کی مدد سے $6 = 2 \times 3$ | یا $6 = 3 \times 2$

پس ثابت ہوا کہ $3 \times 2 = 2 \times 3$

مثال ②

$15 = 5+5+5$ | $15 = 3+3+3+3+3$

یا $15 = 5 \times 3$ | $15 = 3 \times 5$

پس ثابت ہوا کہ $3 \times 5 = 5 \times 3$

نتیجہ : دو اعداد کی ترتیب بدلنے سے اُن کا حاصل ضرب تبدیل نہیں ہوتا۔ اِس خاصیّت کو ضرب کی خاصیّت مُبادلہ کہتے ہیں۔

مشق 9

حل کریں۔	پس ثابت ہوا کہ
1 : $2 \times 4 =$ ------ $4 \times 2 =$ ------	$2 \times 4 = 4 \times 2$
2 : $5 \times 3 =$ ---------- $3 \times 5 =$ ----------	$3 \times 5 =$ ---- $\times 3$

3 : ---------- = 6×4 ---------- = 4×6	4×---- = 6×4
4 : ---------- = 3×6 ---------- = 6×3	----- ×3 = 3×6
5 : ---------- = 4×5 ---------- = 5×4	5×4 = ----×5
6 : ---------- = 6×5 ---------- = 5×6	5×6 = 6×---
7 : ---------- = 7×3 ---------- = 3×7	3×---= 7×3
8 : ---------- = 9×1 ---------- = 1×9	------×9 = 9×1

دو یا تین ہندسی عدد کی ایک ہندسی عدد سے ضرب

مثال (1) اگر ایک کھلونے کی قیمت 15 روپے ہو تو ایسے 4 کھلونوں کی قیمت معلوم کریں۔

ایک کھلونے کی قیمت = 15

4 کھلونوں کی قیمت = 4 ×

60 روپے

اِس میں پہلے 4 کو اِکائی کے ہندسے یعنی 5 سے ضرب دی ۔ جب ہم نے 4 کو 5 سے ضرب دی تو جواب 20 آیا۔ جواب میں اکائی کی جگہ صفر لکھیں گے اور 2 ہمارا حاصل ہوگا۔ اب ہم 4 کو دہائی کے ہندسے یعنی 1 سے ضرب دیں گے تو 4 آئے گا ۔ اِس 4 میں 2 حاصل کو جمع کریں گے تو 6 آئے گا جو کہ ہم دہائی کی جگہ لکھیں گے اور اس طرح ہمارا جواب 60 روپے آئے گا ۔

اس تمام عمل کو ہم یوں ظاہر کر سکتے ہیں ۔

(2)
15
4
60

پس 4 کھلونوں کی قیمت = 60 روپے

مثال (2) اگر ایک گھڑی کی قیمت 45 روپے ہو تو ایسی 6 گھڑیوں کی قیمت معلوم کریں ۔

45
6 ×
270

مثال (3)

(3)(2)
354
6 ×
2124

مشق 10

حل کریں۔

1:	7×13	2:	6×18	3:	8×19		
4:	5×34	5:	4×42	6:	3×55		
7:	4×127	8:	5×231	9:	6×342		
10:	3×415	11:	6×517	12:	5×578		
13:	6×634	14:	9×721	15:	8×807		

16: اگر ایک تصویر کی قیمت 16 روپے ہو تو 8 تصویروں کی قیمت معلوم کریں۔

17: اگر ایک قلم کی قیمت 12 روپے ہو تو ایسے 9 قلموں کی قیمت معلوم کریں۔

18: اگر ایک گڑیا کی قیمت 36 روپے ہو تو ایسی 5 گڑیوں کی قیمت معلوم کریں۔

19: اگر ایک آئینے کی قیمت 15 روپے ہو تو ایسے 8 آئینوں کی قیمت معلوم کریں۔

دو یا تین ہندسی عدد کی دو ہندسی عدد سے ضرب

مثال (1)

$$\begin{array}{r} 15 \\ \times\ 23 \\ \hline 45 \\ 300 \\ \hline 345 \end{array}$$

15 کی اکائی کے ہندسے 3 سے ضرب ← اِکائی کے نیچے سے لکھنا شروع کریں۔

15 کی دہائی کے ہندسے 2 سے ضرب ← دہائی کے نیچے سے لکھنا شروع کریں۔

مثال (2)

324
23 ×
---
972 ← 324 کی اکائی کے ہندسے 3 سے ضرب — اکائی کے نیچے سے لکھنا شروع کریں۔
6480 ← 324 کی دہائی کے ہندسے 2 سے ضرب — دہائی کے نیچے سے لکھنا شروع کریں۔

7452

مثال (3)

678
34 ×

2712
20340

23052

مشق 11

ضرب دیں۔

1: 15 × 18

2: 43 × 16

3: 127 × 15

4: 231 × 12

5: 325 × 32

6: 409 × 57

7: اگر ایک میز کی قیمت 125 روپے ہو تو ایسی 24 میزوں کی قیمت معلوم کریں۔

8: اگر ایک گھڑی کی قیمت 325 روپے ہو تو ایسی 32 گھڑیوں کی قیمت

معلوم کریں۔

9 : ایک الماری میں 350 کتابیں رکھی جا سکتی ہیں۔ ایسی 25 الماریوں میں کُل کتنی کتابیں رکھی جا سکیں گی ؟

10: ہوائی جہاز کے ایک پرواز میں 370 مسافر جدہ پہُنچے۔ تو بتائیں کہ 87 پروازوں میں کل کتنے مسافر جدہ پہنچے ؟

باب 4

تقسیم

مثال (1) ایک اُستاد صاحب کے پاس 15 روپے ہیں۔ وُہ اُنھیں 5 روپے فی طالب علم کے حساب سے ذہین طلباء میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ بتائیں یہ رقم کِتنے ذہین طلباء میں تقسیم ہو سکتی ہے۔

اِس سوال کو ہم تفریق کے طریقے سے اِس طرح حل کریں گے

کل رقم = 15 روپے

پہلے ذہین طالب علم کو ملے = — 5 روپے

باقی = 10 روپے

دوسرے کو ملے = — 5 روپے

باقی = 5 روپے

تیسرے کو ملے = — 5 روپے

باقی = 0 روپے

15 میں سے 5 کو تین بار تفریق کیا جاتے تو باقی صفر بچتا ہے۔

اسی طرح 15 روپوں کو اُستاد صاحب، 5 روپے کے حساب سے 3 طلباء میں تقسیم کرتے ہیں۔ تقسیم کی صورت میں ہم یوں لِکھتے ہیں - 15 ÷ 5 = 3 "÷" تقسیم کی علامت ہے۔

مندرجہ بالا مثال سے ظاہر ہے کہ تقسیم کسی دیے ہوئے عدد سے کسی ایک عدد کو بار بار تفریق کرنے کے مختصر طریقے کا دوسرا نام ہے۔

اُوپر کی مثال میں آپ نے دیکھا کہ $15 \div 5 = 3$

ہم عدد 15 کو مقسوم، 5 کو مقسوم علیہ (تقسیم کُنندہ) اور 3 کو حاصل قسمت کہیں گے۔ تقسیم کے عمل کو یوں بھی ظاہر کر سکتے ہیں



مثال (2) حنیف کے پاس 16 سموسے ہیں۔ وُہ 4 سموسے فی آدمی تقسیم کرنا چاہتا ہے۔ بتائیں یہ سموسے کتنے آدمیوں میں تقسیم ہو سکتے ہیں۔



جواب : 4 آدمی

مثال (3) عبدالمنان کے پاس 20 ٹافیاں ہیں۔ وُہ اُنہیں 5 ٹافی فی بچہ تقسیم کرنا چاہتا ہے۔ بتائیں یہ ٹافیاں کتنے بچوں میں تقسیم ہو سکتی ہیں۔

حل : 20 کو 5 پر تقسیم کرنا مقصود ہے۔



جواب : 4 بچے

مثال ④ 48 روپوں کو 2 طلباء میں تقسیم کریں ۔

$$2\overline{)48}\ 24$$
$$4$$
$$08$$
$$8$$
$$0$$

تشریح : سب سے پہلے جس عدد کو تقسیم کرنا ہو، اُس کا بایاں ہندسہ لیں جو اِس صورت میں 4 ہے ۔ 2 کو کسی عدد سے ضرب دیں کہ 4 آئے ۔ یہ عدد 2 ہے 2 کو خارج قسمت میں لکھیں اور پھر 2 کو 2 سے ضرب دے کر 4 کے نیچے لکھیں ۔ اب 4 میں سے 4 تفریق کریں تو صفر باقی بچا ۔ اب عدد 48 کے دوسرے ہندسے یعنی 8 کو نیچے اُتاریں ۔ اسے 2 پر تقسیم کریں ۔ اِس طرح 4 حاصل ہوا ۔ 4 کو خارج قسمت میں 2 کے دائیں طرف لکھیں اور پھر اُس کو 2 سے ضرب دے کر 8 کے نیچے لکھیں ۔ 8 میں سے 8 کو جب تفریق کیا تو صفر باقی بچا ۔ اِس طرح ہمارا جواب 24 روپے آیا ۔

مثال ⑤ 369 کو 3 سے تقسیم کریں۔

$$3\overline{)369}\ 123$$
$$3$$
$$6$$
$$6$$
$$9$$
$$9$$
$$0$$

پس

$$369 \div 3 = 123$$

مثال (6) 488 کو 4 سے تقسیم کریں۔

$$4\overline{)488}\quad 122$$

4

8

8

8

8

0

پس

$488 \div 4 = 122$

مثال (7) 505 کو 5 سے تقسیم کریں۔

$$5\overline{)505}\quad 101$$

5

05

5

0

$505 \div 5 = 101$

مشق 12

حل کریں

1: $86 \div 2$ 2: $55 \div 5$

3: $484 \div 4$ 4: $693 \div 3$

5: $777 \div 7$ 6: $888 \div 8$

7: $996 \div 3$ 8: $999 \div 9$

9: اگر 4 کھلونوں کی کُل قیمت 84 روپے ہو تو ایک کھلونے کی قیمت معلوم کریں۔

10: اگر 5 گڑیوں کی قیمت 55 روپے ہو تو ایک گڑیا کتنے میں آئے گی؟

11: اگر 3 میزوں کی قیمت 363 روپے ہو تو ایک میز کی قیمت معلوم کریں۔

12: اگر 6 کرسیوں کی قیمت 666 روپے ہو تو ایک کُرسی کتنے میں آئے گی؟

مثال (8) اگر 329 روپے 7 لڑکوں میں برابر تقسیم کرتے ہوں تو بتائیں ہر ایک کے حِصّے میں کِتنے روپے آئیں گے۔

$$
\begin{array}{r}
47 \\
7\overline{)\,329} \\
28 \\
\hline
49 \\
49 \\
\hline
0
\end{array}
$$

پس ہر لڑکے کے حِصّے میں 47 روپے آئیں گے۔

مثال (9) 648 کو 6 پر تقسیم کریں۔

$$
\begin{array}{r}
108 \\
6\overline{)\,648} \\
6 \\
\hline
48 \\
48 \\
\hline
0
\end{array}
$$

جواب : 108

نوٹ : تقسیم کی بعض صورتوں میں اگر کوئی عدد کسی عدد پر پورا پورا تقسیم نہ ہو تو پھر آخر میں ایک عدد بچ جاتا ہے، جسے باقی کہتے ہیں۔ باقی ہمیشہ مقسوم علیہ سے چھوٹا ہونا چاہیئے۔

مثال (10) 798 کو 7 پر تقسیم کریں ۔

$$\begin{array}{r} 114 \\ 7\overline{)798} \\ 7 \\ \hline 9 \\ 7 \\ \hline 28 \\ 28 \\ \hline 0 \end{array}$$

$114 = 7 \div 798$

مثال (11) 896 کو 7 پر تقسیم کریں۔

$$\begin{array}{r} 128 \\ 7\overline{)896} \\ 7 \\ \hline 19 \\ 14 \\ \hline 56 \\ 56 \\ \hline 0 \end{array}$$

$128 = 7 \div 896$

مشق 13

حل کریں

:1	$7 \div 581$	:2	$8 \div 992$
:3	$5 \div 375$	:4	$6 \div 732$
:5	$4 \div 488$	:6	$7 \div 903$
:7	$5 \div 670$	:8	$9 \div 891$

:9 3 گھڑیاں 960 روپے میں خریدی گئیں ۔ ایک گھڑی کی قیمت معلوم کریں ۔

10: 600 گولیاں تیسری جماعت کے بچوں میں اس طرح تقسیم کیں کہ ہر بچے کو 10 گولیاں ملیں ۔ تیسری جماعت کے بچوں کی تعداد معلوم کریں ۔

11: پشاور سے راولپنڈی کا فاصلہ 168 کلومیٹر ہے ۔ اگر ایک سائیکل سوار 8 کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر طے کرے تو بتائیں وہ کتنے گھنٹوں میں یہ سارا فاصلہ طے کرے گا۔

12: اگر ہم 848 روپوں کو 8 لڑکوں میں برابر برابر تقسیم کرنا چاہیں تو بتائیں کہ ہر لڑکے کو کتنے روپے ملیں گے ۔

مُتفرّق مشق 14

حل کریں

1:	6÷456	2:	7÷924
3:	5÷255	4:	10÷660
5:	4÷448	6:	3÷696

تقسیم کریں اور باقی معلوم کریں ۔

7:	5÷521	8:	4÷211
9:	7÷748	10:	6÷843
11:	8÷657	12:	9÷797

13: اگر ایک مُلازِم کی دو ماہ کی تنخواہ 960 روپے ہو تو اُس کی ایک ماہ کی

تنخواہ معلوم کریں۔

14: میں نے اپنے دوست سے 128 روپے قرض لیے۔ اگر میں اُسے ہر روز 4 روپے دُوں تو یہ رقم کُل کِتنے دنوں میں ادا کر سکوں گا؟

15: اظہر کے پاس 172 پھُول ہیں۔ وُہ 8، 8 پھُول ہر گُلدان میں لگاتا ہے۔ بتایئے کِتنے پھُول باقی بچیں گے۔

16: 9 کتابوں میں کل 720 صفحات ہیں۔ بتائیں ہر کتاب میں کتنے صفحے ہیں؟

17: 786 روپے کچھ لوگوں میں برابر تقسیم کئے گئے۔ اگر ہر آدمی کو 6 روپے ملے ہوں۔ تو آدمیوں کی تعداد بتائیں؟

18: ایک دن میں 8 مزدوروں نے مل کر 896 روپے کمائے۔ بتائیں ایک مزدور کو کتنے روپے ملیں گے؟

باب 5

کسورِ عام



سامنے دی ہوئی شکل کے دو برابر حِصّے کیے گئے ہیں۔ اِن میں سے ایک حِصّے کو لکیر دار ظاہر کیا گیا ہے۔ حصے کو کُل شکل کا ایک آدھا یا $\frac{1}{2}$ کہتے ہیں۔ اِسے ایک بٹہ دو پڑھتے ہیں۔



اس شکل کے تین برابر حصّے کیے گئے ہیں، جن میں سے صرف ایک حصّہ لکیر دار ہے۔ شکل کا ہر حِصّہ ایک تہائی یا $\frac{1}{3}$ کہلاتا ہے اور ایک بٹہ تین پڑھا جاتا ہے۔

سامنے دی ہوئی شکل کے چار برابر حصّے کیے گئے ہیں اِن میں سے تین حِصّے لکیر دار ہیں۔ لکیر دار حصّہ کُل شکل کا تین چوتھائی یا $\frac{3}{4}$ کہلاتا ہے اور اسے تین بٹہ چار پڑھا جاتا ہے۔



اس شکل کے پانچ برابر حصّے کیے گئے ہیں۔ اس کے چار حِصّے لکیر دار ظاہر کیے گئے ہیں۔ لکیر دار حصّہ کُل شکل کا $\frac{4}{5}$ یا چار بٹہ پانچ کہلاتا ہے، جبکہ سفید حصّے کو کُل شکل کا پانچواں ایک پانچواں حصّہ یا $\frac{1}{5}$ یعنی ایک بٹہ پانچ کہتے ہیں۔



سامنے دی ہوئی شکل کے چھ برابر حصّے کیے گئے ہیں۔ لکیر دار حصّہ کُل شکل کا $\frac{5}{6}$ ہے۔ اسے پانچ بٹہ چھ پڑھتے ہیں۔

$\frac{1}{2}$ ، $\frac{1}{3}$ ، $\frac{3}{4}$ ، $\frac{4}{5}$ ، $\frac{5}{6}$ وغیرہ کی طرح کے اعداد کو کسری اعداد یا مختصراً کسریں کہتے ہیں۔ اِن کو لِکھنے کے لیے ایک چھوٹی لکیر (——) اِستعمال کی جاتی ہے۔ لکیر کے نیچے کا عدد کسی چیز کے برابر حصّوں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے اور اوپر کا عدد یہ ظاہر کرتا ہے کہ کِتنے برابر حصّے لیے گئے ہیں۔

لکیر کے اوپر لِکھے گئے عدد کو شُمار کُنندہ اور نیچے والے عدد کو نَسب نُما یا مخرج کہتے ہیں۔

$\frac{1}{2}$ میں شُمار کُنندہ 1 اور نَسب نُما 2 ہے۔

$\frac{3}{4}$ میں شُمار کُنندہ 3 اور نَسب نُما 4 ہے۔

$\frac{4}{5}$ میں شُمار کُنندہ 4 اور نَسب نُما 5 ہے۔ اِسی طرح

$\frac{5}{6}$ میں شُمار کُنندہ 5 اور نَسب نُما 6 ہے۔

مشق 15

1: مندرجہ ذیل کسروں کو پڑھیں۔ اِن میں شُمار کُنندہ اور مخرج یا نسب نُما بتائیں۔

$\frac{5}{7}$ ، $\frac{7}{9}$ ، $\frac{9}{10}$ ، $\frac{11}{13}$ ، $\frac{14}{17}$ ، $\frac{19}{21}$ ، $\frac{10}{27}$ ، $\frac{34}{49}$ ،

$\frac{7}{51}$ ، $\frac{15}{59}$ ، $\frac{26}{61}$ ، $\frac{23}{78}$ ، $\frac{25}{74}$ ، $\frac{71}{79}$ ، $\frac{70}{89}$ ، $\frac{17}{100}$ ،

2: مندرجہ ذیل کو کسور کی شکل میں لکھیں۔

(ا) پانچ برابر حِصّوں میں سے تین حِصّے لیے گئے ہیں۔

(ب) 7 برابر حِصّوں میں سے 5 حِصّے لیے گئے ہیں۔

(ج) 9 برابر حِصّوں میں سے 4 حِصّے لیے گئے ہیں۔

(د) 13 برابر حِصّوں میں سے 11 حِصّے لیے گئے ہیں۔

(ر) 15 برابر حِصّوں میں سے 8 حِصّے لیے گئے ہیں۔

(ش) 21 برابر حِصّوں میں سے 13 حِصّے لیے گئے ہیں۔

(ص) 25 برابر حِصّوں میں سے 19 حِصّے لیے گئے ہیں۔

3: مندرجہ ذیل اشکال میں لکیر دار حِصّہ کس کسر کو ظاہر کرتا ہے؟



4۔ سوال نمبر(3)میں دی ہوئی اشکال میں خالی حصہ کس کسر کو ظاہر کرتا ہے ؟

5۔ رنگ بھریں ۔



$\frac{7}{12}$ حصّہ میں



$\frac{5}{6}$ حصّہ میں



$\frac{2}{5}$ حصّہ میں



$\frac{7}{10}$ حصّہ میں



$\frac{3}{5}$ حصّہ میں

6۔ اگلے صفحے پر دی ہوئی کسور کو اشکال میں کیردار حصّے کی صورت میں ظاہر کیا گیا ہے ۔ ہر کسر کو اس کے مطابق دی ہوئی شکل سے ملایئے ۔



$\frac{1}{2}$

$\frac{1}{4}$

$\frac{4}{9}$

$\frac{5}{8}$

$\frac{3}{5}$

$\frac{7}{16}$

$\frac{4}{7}$

$\frac{7}{10}$

کسرِ واجب کا تصوّر

ہم جانتے ہیں کہ

$\frac{1}{2}$ میں 1 شُمار کُنندہ اور 2 نَسب نُما ہے۔

$\frac{3}{4}$ میں 3 شُمار کُنندہ اور 4 نَسب نُما ہے۔

$\frac{6}{7}$ میں 6 شُمار کُنندہ اور 7 نَسب نُما ہے۔

$\frac{9}{16}$ میں 9 شُمار کُنندہ اور 16 نَسب نُما ہے۔

$\frac{17}{32}$ میں 17 شُمار کُنندہ اور 32 نَسب نُما ہے۔

آپ نے دیکھا ہو گا کہ ان تمام کسور میں شمار کنندہ چھوٹا ہے اور نسب نما

بڑا ہے ۔ ایسی کسور جن میں شمار کنندہ چھوٹا ہو اور نسب نما بڑا ہو انہیں واجب کسر کہتے ہیں ۔ اوپر دی گئی تمام کسور "کسورِ واجب" ہیں ۔ ان میں سے ہر کسر کسرِ واجب ہے۔

ہم مخرج کسور

ایسی کسور جن کے نسب نما یا مخرج ایک ہی ہوں ، ہم مخرج کسور کہلاتی ہیں ۔ مثلاً $\frac{2}{7}$ ، $\frac{4}{7}$ اور $\frac{5}{7}$ ہم مخرج کسور ہیں ۔ کیونکہ ان سب کا مخرج 7 ہے۔ اِسی طرح $\frac{4}{9}$، $\frac{7}{9}$ اور $\frac{8}{9}$ بھی ہم مخرج کسور ہیں ۔

ہم مخرج واجب کسور کی جمع

مثال ①



$\frac{3}{5} = \frac{2}{5} + \frac{1}{5}$

مثال ②



$\frac{2}{7}$

$\frac{3}{7}$

$\frac{5}{7}$

یعنی $\frac{5}{7} = \frac{3}{7} + \frac{2}{7}$

پس ہم مخرج کسور کا حاصل جمع ایک ایسی کسر ہوتی ہے جس کا شمار کنندہ دی ہوئی کسور کے شمار کنندوں کا حاصل جمع ہوتا ہے اور مخرج دی ہوئی کسور کا مخرج ہوتا ہے۔

مثال (3)

$$\frac{5}{9} + \frac{2}{9}$$

$$= \frac{5+2}{9}$$

$$= \frac{7}{9}$$

مثال (4)

$$\frac{3}{8} + \frac{3}{8} + \frac{1}{8}$$

$$= \frac{3+3+1}{8}$$

$$= \frac{7}{8}$$

مثال (5)

$$\frac{3}{8} + \frac{2}{8} + \frac{1}{8}$$

$$= \frac{3+2+1}{8}$$

$$= \frac{6}{8}$$

مثال (6)

$$\frac{5}{7} + \frac{2}{7}$$

$$= \frac{5+2}{7}$$

$$= \frac{7}{7}$$

$$= 1$$

چونکہ شمار کنندہ اور نسب نما (مخرج) ایک ہی ہیں، اِس لیے حاصل جمع 1 آئے گا۔

مثال ⑦

$$\frac{4}{9} + \frac{3}{9} + \frac{2}{9}$$

$$= \frac{4+3+2}{9}$$

$$= \frac{9}{9}$$

$$= 1$$

مشق 16

حل کریں

1 : $\frac{2}{4} + \frac{1}{4}$

2 : $\frac{2}{5} + \frac{1}{5}$

3 : $\frac{2}{5} + \frac{2}{5}$

4 : $\frac{3}{6} + \frac{2}{6}$

5 : $\frac{3}{7} + \frac{2}{7}$

6 : $\frac{4}{8} + \frac{3}{8}$

7 : $\frac{3}{9} + \frac{5}{9}$

